# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 09 May 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۹؍مئی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ **لوک سبھا چُناؤ کے چوتھے مرحلے میں تشہیری مہم زوروں پر ' جلسے اور پیدل ریلیوں کا اہتمام**

☆ **قانون ساز کونسل کی 4 ؍نشستوں کے لیے انتخابی لائحہ عمل جاری ' 10 ؍جون کو کی جائے گی رائے دہی**

☆ **آج عطا کیے جائیں گے دوسرے مرحلے کے پدم ایوارڈس**

**اور**

☆ **چھترپتی سنبھاجی نگر اور دھاراشیو تبدیلی نام کی مخالفت میں دائرعرضی ممبئی عدالتِ عظمیٰ نے کی مسترد**

### اب خبریں تفصیل سے...

لوک سبھا چُناؤ کے چوتھے مرحلے میں تشہیری مہم کے اب صرف 3؍ دن باقی ہیں۔ لہٰذا اِس مرحلے کے حلقہ انتخابات میں تشہیری مہم زور پر جاری ہے امیدواروں کی جانب سے جلسے و جلوس کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ تمام سیاسی جماعتوں کے سرکردہ رہنما اپنے اپنے امیدواروں کی انتخابی تشہیر میں روڈ شو ' جلسے اور پیدل ریلیوں کا اہتمام کررہے ہیں۔

خیال رہے کہ عام چُناؤ کے چوتھے مرحلے میں ریاست کے اورنگ آباد ' جالنہ ' بیڑ ' نندوربار ' جلگاؤں ' راویر ' ماوڑ ' پونے ' شرور ' احمد نگر اور شرڈی حلقہ انتخاب کا شمار ہے۔ اِس مرحلے میں آئندہ 13؍تاریخ کے روز رائے دہی کی جائے گی۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر داخلہ امِت شاہ نے جالنہ میں عظیم اتحاد کے امیدوار راوٗصاحیب دانوے کی انتخابی تشہیری کے لیےکل جلسے عام سے خطاب کیا۔ اپنی تقریر میں انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک بھر کے 80 ٪ فیصد غرباء کے معیار زندگی کو بہتر بنایا ہے۔ اِس موقعے پر جناب اِمت شاہ نے گھر گُل ، پینے کا پانی ، گیس کنیکشن ، آیوشمان بھارت ، دفعہ 370 ٪ ایودھیا میں رام مندر کی تعمیر ، تین طلاق اور دہشت گردی کا خاتمہ وغیرہ کاموں پر روشنی ڈالی۔ اپنی تقریر میں انھوں نے کہا کہ انڈیا اتحاد کے پاس حکمتِ عملی ، نیت اور رہنما نہیں ہے۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے سر براہ شرد پوار نے کہا ہے کہ مودی حکومت کے منصوبے کاشتکاروں کے مفاد میں نہیں ہے۔ احمد نگر سے مہا وِکاس آگھاڑی کے امیدوار نلیش لنکے کی انتخابی تشہیر میں وہ کل شری گوندا میں منعقدہ جلسے عام سے مخاطب تھے۔

اِسی دوران بیڑ حلقہ انتخاب سے مہا وکاس آگھاڑی کے امیدوار بجرنگ سونونے کی انتخابی تشہیر کے لیے شرد پوار آج شام امبا جوگائی میں جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔

***** ***** *****

اورنگ آباد لوک سبھا حلقہ انتخاب سے عظیم اتحاد کے امیدوار سندیپان بھومرے نے کل چھترپتی سنبھا جی نگر کے وویکا نند کالج میں تبادلہ خیال کیا۔ اِسی طرح جالنہ لوک سبھا حلقہ انتخاب سے مہا وِکاس آگھاڑی کے امیدوار کلیان کاڑے نے کل پمپری راجہ میں عوام سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

آئندہ جولائی مہینے میں خالی ہو رہی قانون ساز کونسل کی 4 ٪ نشستوں کے لیے انتخابی لائحہ عمل جاری کر دیا گیا ہے۔ اِن 4 ٪ نشستوں میں ممبئی اور ناسک حلقے کے گریجویٹ نیز ممبئی اور ناسک حلقے کے ٹیچرس حلقہ انتخاب کا شمار ہے۔ اِس چُناوٗ کے لیے آئندہ 15 ٪ تاریخ سے 22 ٪ تاریخ کے دوران پرچہ نامزدگی داخل کیے جا سکتے ہیں۔ 24 ٪ تاریخ کے روز کاغذات کی چھان بین کی جائے گی ۔ 27 ٪ تاریخ تک پرچہ نامزدگی واپس لیے جا سکتے ہیں۔ جبکہ قانون ساز کونسل کے اِس چُناوٗ کے لیے آئندہ 10 ٪ جون کے روز رائے دہی کی جائے گی اور 13 ٪ جون کے روز نتائج کا اعلان کیا جائے گا۔

***** ***** *****

آج صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو کے ہاتھوں دوسرے مرحلے کے پدم ایوارڈس عطا کیے جائیں گے۔ خیال رہے کہ اِس سے قبل 22/اپریل کے روز صدر جمہوریہ نے 3/معززین کو پدم وِبھوشن' 8/شخصیات کو پدم بھوشن اور 55/شخصیات کو پدم شری اعزاز سے سرفراز کیا تھا۔

***** ***** *****

اورنگ آباد اور عثمان آباد ضلعے کا نام بدل کر بالترتیب چھترپتی سنبھاجی نگر اور دھاراشیو رکھنے کے حکومتی فیصلے کے خلاف داخل کی گئی عرضی ممبئی عدالتِ عظمیٰ نے کل مسترد کردی۔ چیف جسٹس دیویندر اُپادھیائے اور جسٹس عارف ڈاکٹر نے اِس معاملے میں فیصلہ سُناتے ہوئے کہا کہ مذکورہ تبدیلی نام کا فیصلہ غیر قانونی نہیں ہے۔

اِسی دوران وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے ممبئی عدالتِ عظمیٰ کے اِس فیصلے کا استقبال کیا ہے۔ اس فیصلے کے لیے انھوں نے عدالت کا شکریہ بھی ادا کیا۔ چھترپتی سنبھاجی نگر میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ باڑاصاحب ٹھاکرے کا خواب اب حقیقی معنی میں پورا ہوچکا ہے۔ جناب شندے نے بتایا کہ سنبھاجی نگر یہ نام سب سے پہلے باڑاصاحب ٹھاکرے نے ہی تجویز کیا تھا۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

یونین پبلک سروِس کمیشن UPSC کی جانب سے لیا گیا اِنڈین فاریسٹ سروِس IFS امتحان میں لاتور کی پرتیکشا کاڑے نے مہاراشٹر میں پہلا مقام جبکہ ملک بھر میں دوسرا مقام حاصل کیا ہے۔ اُن کی ابتدائی تعلیم لاتور میں ہی ہوئی ہے۔ فی الحال وہ میڑگھاٹ میں بطور فاریسٹ آفیسر خدمات انجام دے رہی ہیں۔

اِسی دوران مہاراشٹر پبلک سروِس کمیشن کے گزیٹیڈ سوِل سروِس جوائنٹ پریلیمنری ایگزام آئندہ 6/ جولائی کے [illegible]ز لیا جائے گا۔

مزید تفصیلات MPSC کی ویب سائٹ پر درج ہے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے کے سین گاؤں میں واقع زرعی پیداوار سے متعلق ایک خانگی کمپنی کے افسر نے 11/ کاشتکاروں کو 232/ کوئنٹل چنا فروخت کرتے ہوئے 13/ لاکھ روپئے کی ہیرا پھیری کرنے کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ سین گاؤں پولس اسٹیشن میں دھوکہ دہی کا معاملہ درج کر دیا گیا ہے۔

ہمارے نمائندے نے بتایا کہ سورج پرتاپ مورے نامی اِس بدعنوان افسر نے گزشتہ سال 16/ مئی سے 11/ ستمبر 2023ء کے دوران نافیڈ کمپنی کا خریدا گیا چنا نافیڈ کو مہیا کروانے کے بجائے دوسروں کو بیچ دیا تھا۔

***** ***** *****

بیڑ لوک سبھا حلقہ انتخاب میں الیکشن کی ڈیوٹی پر مامور افسران و ملازمین کو آج سے آئندہ 12/ تاریخ تک پوسٹل ووٹنگ کی سہولت دی جا رہی ہے۔ اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسر کویتا جادھو نے یہ بات بتائی۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے رائے دہی مراکز میں بچوں کی دیکھ بھال کے لیے نرسریز کی سہولت مہیا کی جائے گی۔ اِس کے لیے شعبہ خواتین و بہبودِ اطفال تیاریوں میں مصروف ہیں۔ اِن نرسریز میں بچوں کے جھولے ، کھلونے اور بے بی فوڈ وغیرہ اشیاء دستیاب کروائی جا رہی ہے۔

اِسی دوران چھترپتی سنبھاجی نگر کے لیبر کمشنر چندر کانت راؤت نے تمام کاروباری اِداروں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے سبھی افسران و ملازمین کو رائے دہی کے دن رِضا یعنی تنخواہ کے ساتھ چھٹی دیں تا کہ وہ اپنا حقِ رائے دہی استعمال کر سکیں۔

***** ***** *****

لاتور اور عثمان آباد لوک سبھا حلقے انتخابات میں پرسوں کی گئی رائے دہی کا حتمی فیصد ظاہر کر دیا گیا ہے۔ اِس کے مطابق لاتور میں 62/اعشاریہ 59/فیصد اور عثمان آباد میں 63/اعشاریہ 88/فیصد رائے دہی کی گئی ہے۔شعبہ انتخابات کی جانب سے یہ تفصیلات بتائی گئ۔

***** ***** *****

ویجا پور پنچایت سمیتی کے ڈپٹی چیئر مین من سُکھ جامبڑ نے کہا ہے کہ ویجا پور میں پچھلے سال خاطر خواہ بارش نہ ہونے کی وجہ سے گاؤں میں پینے کے پانی کی قلت پیدا ہوگئی ہے۔انھوں نے چھتر پتی سنبھا جی نگر ضلع کلکٹر کو ایک مطالباتی محضر پیش کرتے ہوئے ناسک ضلعے کے آبی ذخیرے سے پانی چھوڑنے اور جانوروں کے لیے چارا پانی فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے ۔اِس کے علاوہ جناب من سُکھ جامبڑ نے ویجا پور تعلقے کے کاشتکاروں کو موسمِ خریف کا بقیہ فصل بیمہ اور موسم ربیع کا فصل بیمہ بھی جلد از جلد دینے کی درخواست کی ہے ۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع انتظامیہ نے کہا ہے کہ ناندیڑ شہر میں پانی کی ذرا بھی قلت نہیں ہے ۔صرف آب رسانی نظام میں تکنیکی خرابی کی وجہ سے پانی فراہمی میں خلل پڑا ہے۔انتظامیہ نے بتایا کہ ناندیڑ شہر کے لیے خاطر خواہ آبی ذخیرہ محفوظ ہے لہذا شہریان پانی کی قلت کے بارے میں کسی بھی افواہ پر یقین نہ کریں ۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے میں کل شام بے موسم بارش ہونے کی خبر ہے۔احمد پور اور چاکور تعلقے سمیت ضلعے کے دیگر حصوں میں بھی کل طوفانی ہواؤں اور بجلی کی گرج چمک کے ساتھ بے موسم بارش ہوئی ۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ طوفانی ہواؤں اور بے موسم بارش کی وجہ سے آم کی فصل کو بہت نقصان پہنچا ہے ۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوَڈے نے پربھنی کو بچپن کی شادی سے پاک کرنے کی اپیل کی ہے۔ اکشیہ ترتیہ کے مہورت پر بچپن کی شادیوں کا خدشہ ہے۔ لہٰذا ترقیاتی پروجیکٹ افسران کو شہر میں اور گرم سیوکوں کو دیہاتوں میں بچپن کی شادی پر روک لگانے کے لیے مقرر کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ لوک سبھا چُناوَ کے چوتھے مرحلے میں تشہیری مہم زوروں پر ' جلسے اور پیدل ریلیوں کا اہتمام

☆ قانون ساز کونسل کی 4 رنشستوں کے لیے انتخابی لائحہ عمل جاری ' 10 رجون کو کی جائے گی رائے دہی

☆ آج عطا کیے جائیں گے دوسرے مرحلے کے پدم ایوارڈس

اور

☆ چھترپتی سنبھاجی نگر اور دھاراشیو تبدیلی نام کی مخالفت میں دائر عرضی ممبئی عدالتِ عظمیٰ نے کی مسترد

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆